شفقت * مَرْصُوْص) مظبوط کیا گیا * مَرْجُوْمِیْن) سنگسار کئے گئے * مُرْجَوْن) دیر کئے گئے * مَرْجُوّا) اُمید رکھا گیا * مُرِیْب) گمان کرنے والا * مَرْجَان) چھوٹا موتی اور مونگا اور اس صورت مین یہ لفظ فارسی ہی * مُرْجِفُوْن) فساد کرنے والے * مَرْحُوْمِیْن) رحم کئے گئے * فصل المیم مع الزاء * مِزَاج) ملانا اور ملونی *

مز

مُزَحْزِح) سرکانیوالا * مَزِیْد) زیادہ کیا گیا اور بہت * مُزِقْتُمْ) پھاڑے گئے تم * مَزَّقْنَا) پھاڑا ہمنے * مُزَّمِّل) جھرمٹ مارنیوالا * مُزْن) بدلی سفید * مُزْجَات) تھوڑے سے اور ناقص * مُزْدَجَرٌ) ڈانٹا گیا اور روکا گیا

* فصل المیم مع السین * مَسْحُوْر) جادو کیا گیا *

مس

مَسْحُوْرُوْن) جادو کئے گئے * مُسَحَّرِیْن) جادو کئے گئے اور محتاج کئے گئے * مَسْجُوْنِیْن) قید کئے گئے * مُسَوَّمِیْن) نشان کرنیوالے * مُسَوَّمِیْن) نشان کیے گئے * مُسَوَّمَة)

نشان کی گئی اور چرائی گئی اور پالی گئی * مِسکِین) محتاج کہ کچھ نہ رکھے یا بقدر کفاف نہ رکھے * مَسَاکِین) محتاج سب * مَسکَنَة) محتاجی * مَسکَن) مکان * مَسَاکِن) گھر سب * مَسکُونَة) بسی گئی * مَسنُون) گندا اور سڑا گیا اور صورت بنایا گیا اور روشن کیا گیا * مُستَقِیم) سیدھا اور درست بے خلل اور صراط المستقیم راہ شرع کی * مُستَهزِؤُن) ہنسی کرنیوالے * مُستَطِیر) پھیلنیوالا اور ظاہر * مُستَطَر) لکھا گیا * مَسطُور) لکھا ہوا * مُسَیطِرُونَ) نگہبان سب * مَسجُور) بھرا گیا اور گرم کیا گیا * مَستُور) چھپایا گیا * مُستَمِرّ) مضبوط اور روان * مُسَخَّر) فرمان بردار کیا گیا * مُسَخَّرَات) فرمان بردار کی گئین * مُسلِم) تابعدار مسلمان * مُسلِمُونَ) مسلمان سب * مُسلِمَات) مسلمان عورتین * مُسَلَّمَة) سونپی گئی اور اعتبار کی گئی * مَسجِد) سجدہ کی جگہہ اور عبادت

خانہ مسلمان کا * مَسَاجِد) مسجدین * مَسَد) مونج اور بالوں کی رسی اور کھجور کی چھال وغیرہ کی رسی * مُسَنَّدَۃ) دیوار بلند کی گئی * مَسْح) چھونا اور جماع کرنی * مَسِیْح) چھونے والا اور مساحت کرنیوالا لقب حضرت عیسی علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہی کہ اُنکے چھونے سے آنکھہ اور ابرص اچھی ہوتی تھی * مُسَمّٰی) نام رکھا گیا * مُسْتَغْفِرِیْنَ) مغفرت چاہنے والے * مَسْغَبَۃ) بھوک * مَسّ) چھونا اور دیوانہ ہونا * مَسَّ) چھوا * مَسَسْتُ) چھوئی * مِسَاس) چھونا * مُسْتَوْدَع) پناہ کی جگہہ اور امانت کی جگہہ * مُسْمِع) سنانیوالا * مُسْمَع) سنایا گیا * مُسْتَمِع) سنّیوالا * مُسْتَمِعُوْنَ) سنّیوالے * مُسَافِحِیْنَ) زنا کرنیوالے اور مستی نکالنے والے * مُسَافِحَات) بدکاری کرنیوالین * مَسْفُوْح) گرایا گیا * مُسْتَضْعَفُوْنَ) ناتوان اور کمزور سب * مُسْرِف) اسراف

کرنیوالا * مُسْرِفُوْنَ) اسراف کرنیوالے * مُسْتَقْدِمِیْنَ) آگے ہونیوالے * مُسْتَاخِرِیْنَ) پیچھے رہنے والے * مُسْتَکْبِر) غرور کرنیوالا * مُسْتَکْبِرُوْنَ) غرور والے * مُسْوَدَّ) کالا کیا گیا * مُسْوَدَّۃ) کالی کی گئی * مَسْئُوْل) پوچھا گیا * مَسْئُوْلُوْنَ) پوچھے گئے * مُسْتَسْلِمُوْنَ) گردن رکھنے والے اور سپرد کرنیوالے * مُسْتَمْسِکُوْنَ) مضبوط پکڑنیوالے * مُسَبِّحُوْنَ) تسبیح پڑھنیوالے * مُسْتَبِیْن) ظاہر اور روشن * مُسْتَبْصِرِیْنَ) بصارت رکھنے والے * مُسْتَیْقِنِیْنَ) یقین کرنیوالے * مُسْتَقْبِل) آگے آنے والا * مُسْتَقِرّ) ٹھہرنے والا * مُسْتَقَرّ) ٹھہرایا گیا * مَسْکُوْب) پانی بہایا گیا * مَسْبُوْقِیْنَ) سبقت کئے گئے یعنی پیچھے رہنے والے * مُسْتَخْلَفِیْنَ) نائب ہونیوالے * مُسْتَانِسِیْنَ) بات سنیوالے اور انس پکڑنیوالے * مُسْتَنْفِرَۃ) بھاگنیوالے * مُسْتَبْشِرَۃ) خوش

ہونے والی * مُسْتَعَان) مدد چاہا گیا * مَسَاق) جانا اور کھینچنا * مَسْرُوْر) خوش کیا گیا * مُسْفِرَة) سفید اور روشن ہونیوالے * مَسْخَنَا) بد شکل کیا ہمنے * مِسْك) مشک * مُسِيْء) بدکار * مُسْتَخْفٍ) چھپنیوالا

یے آخر سے کر گئی * فصل المیم مع الشین * مُشَيَّد) مش گچ کیا گیا اور مضبوط بنایا گیا * مُشَيَّدَة) مضبوط کئیے گئیے اور گچ سے بلند کئیے گئیے * مَشْهَد) فرشتون کے حاضر ہونے کی جگہہ اور گواہی دینے کی جگہہ * مَشْهُوْد) گواہی دیا گیا اور دن عرفے کا اور روز قیامت * مَشْعَر) جاے نشانہ اور مشعر الحرام نام جگہہ کا ہی مکے مین * مَشْكُوْر) بدلا شکر کا دیا گیا * مَشْرِق) آفتاب نکلنے کی جگہہ * مَشْرِقَيْن) دو جگہے آفتاب نکلنے کی یعنی جاڑے اور گرمی کے اور بعد المشرقین سے مراد مشرق اور مغرب ہی علی سبیل التغلیب * مَشَارِق) آفتاب

نکلنے کے جاگھے یعنے ہر روز کی علحدہ ہی * مُشْرِقِین) اشراق کرنیوالے اور روشن کرنیوالے * مُشْفِقُونَ) ڈرنیوالے * مُشْرِك) شرک کرنیوالا * مُشْرِکِینَ) شرک کرنیوالے * مُشْرِکَة) شرک کرنیوالی * مُشْرِکَات) شرک کرنیوالیان * مُشْتَرِکُونَ) شریک ہونیوالے * مَشْحُونْ) بھرا ہوا * مَشْأَمَة) شامت اور بائین طرف والے اور اصحاب المشأمة بدبخت * مَشْرَب) گھاٹ یعنے پینے کی جگہہ اور پینا * مَشَارِب) گھاٹ سب * مِشْکٰوة) طاق کہ جس مین قندیل یا چراغ رکھین * مَشْيِ) چلنا * مَشَّاء) چلنے والا * مَشَوْا) چلے * مُشْتَبِه) شبہے مین ڈالنے والا * فصل المیم مع الصاد * مُصْلِح) سنوارنیوالا اور صلاح کرنیوالا * مُصْلِحُونَ) درستی کرنیوالے * مِصْبَاح) چراغ * مَصَابِیْح) چراغ سب * مُصْبِحِینَ) صبح کرنے والے * مُصَیْطِر) نگہبان *

مص

مُصَیْطِرُوْنَ) داروغے * مِصْر) شہراور نام ہی ایک
شہر مشہور کا * مَصِیْر) پھرنے کی جگہہ * مُصَوِّر) نقشہ
بنانیوالا صفت ہی اللہ سبحانہ کی قسم واو پر پڑھنا کفر ہی
* مُصْفَرّ) زرد کیا گیا * مُصَفّٰی) صاف کیا گیا * مُصْطَفَیْنَ)
پسند کئے گئے * مُصَدِّق) سچانیوالا اور باور رکھنے والا
اور صدقہ لینے والا * مُصَدِّقِیْنَ) باور کرنے والے *
مُصَدِّقَات) سچانیوالیان * مَصْرِف) پھرنے کی جگہہ *
مَصْرُوْف) پھرا گیا * مَصْفُوْفَة) صف باندھی گئی * مُصَلّٰی)
نماز کی جگہہ اور عیدگاہ * مُصَلِّیْنَ) نماز پڑھنے والے اور
دزود بھیجنے والے * مَصَانِع) قلعے اور کوٹے اور حوض
سب * مُصْرِخ) فریاد پہنچنے والا * مُصِیْب) پہنچنے والا
اور جواب دینے والا * مُصِیْبَة) پہنچنے والی اور تکلیف
اور آفت * فصل المیم مع الضاد * مُضَاعَفَة) دونا کرنا مض
اور بڑھانا * مُضْعِفُوْنَ) دونا کرنیوالے * مُضْغَة) بوٹی

* مُضطَرّ) پھنساہوا اور لاچار * مُضَارّ) نقصان پہنچایا گیا * مَضَاجِع) خوابگاہیں اور بچھونے * مُضِيّ) گذرنا * مَضَى) گذرا * مَضَتْ) گذری * مُضِلّ) بہکانیوالا * مُضِلِّيْنَ) گمراہ کرنیوالے اور بہکانیوالے * فصل المیم مع الطاء * مَطَر) مینہہ * مُطَهِّر) پاک کرنیوالا * مُطَهَّرُوْنَ) پاک کئے گئے * مُطَهَّرَة) پاک کی گئی * مُطَّوِّعِيْنَ) اپنی طرف سے دینیوالے اور دل کھول کر خرچ کرنیوالے * مَطْلَع) سورج نکلنے کی جگہہ * مَطْلُوْب) چاہا گیا * مُطَّلِعُوْنَ) جھانکنے والے اور واقف ہونیوالے * مُطَاع) فرمان برداری کیا گیا * مُطْمَئِنّ) اطمینان پکڑنیوالا * مُطْمَئِنِّيْنَ) آرام پکڑنیوالے * مُطْمَئِنَّة) تسلی پانیوالی اور نفس مطمئنہ کہ جو یاد الٰہی کے آرام پاوے جیسے نفوس انبیا علیہم السلام کے ہیں * مُطَفِّفِيْنَ) گھٹانیوالے اور کم تولنے والے * مُطَلَّقَات)

مط

طلاق دی گئین * مَطْوِیَّات) لپٹی گئین * فصل المیم مع الظاء * مُظْلِم) اندھیرا کرنیوالا * مُظْلِمُوْنَ) اندھیرا کرنے والے * مَظْلُوْم) ناحق ستایا گیا * فصل المیم مع العین * مَعْذِرَة) بہانہ * مُعَذِّرُوْنَ) بہانے کرنیوالے * مُعْصِرَات) نچوڑنے والیان اور بدلیان کہ برسنے کے نزدیک ہو وین * مَعْرُوْشَات) اُونچی کی گئین * اور چھتری بنائی گئین * مُعَقِّب) پیچھے ڈالنے والا * مُعَقِّبَات) ایک کے پیچھے ایک آنیوالے مراد فرشتے رات دن کے ہین کہ ایک کے بعد ایک آتے ہین * مَعَرَّة) گناہ اور شر اور نقصان * مَعَاد) پھرنے کی جگہہ اور عالم آخرت * مَعَاذ) پناہ اور جائے پناہ * مَعْدُوْد) گنا گیا اور تھوڑی * مَعْدُوْدَة) گنی گئی * مَعْدُوْدَات) گنی گئین اور ایام معدودات سے مراد ایام تشریق ہین * مُعْتَرّ) بے قرار محتاج * مَعْمُوْر)

آباد کیا گیا * مُعَمَّر) بوڑھا عمر دراز کیا گیا * مَعاذ بن) پر دسے اور بہانے * مِعْشار) دسواں حصہ * مَعْشَر) دس دس اور جماعت کہ آپس مین عشرت اور زندگانی کرے * مَعْز) بکری * مَعاش) روزگار اور زندگانی * مَعِیْشَۃ) گذران * مَعایش) روزیان * مَعَ) ساتھ * مَعْرُوْف) پہچانا گیا اور مشروع * مَعْرُوْفَۃ) پہچانی گئی * مَعْلُوْم) جانا گیا اور حق معلوم زکوۃ ہی اور یوم معلوم دن قیامت * مَعْلُوْمات) جانے گئے اور ایام معلومات سے مراد دس دن ہین اول مہینے ذیحجہ کے * مُعَوِّقِیْن) روکنے والے * مَعْزِل) کنارہ * مَعْزُوْلُوْن) ایک طرف کئے گئے اور موقوف کئے گئے * مُعَطَّلَۃ) نکمی بیکار کی گئی * مُعَلَّم) سکھایا گیا * مَعِیْن) چشمہ اور آب روان * مَعارِج) سیڑھیان ذی المعارج حق سبحانہ وتعالی * مُعْجِز) عاجز کرنیوالا * مُعْجِزِیْن) تھکانیوالے * مُعاجِزِیْن)

بھرانیوالے * مُعْرِضُوْنَ) منھ پھیرنیوالے * مُعَذِّب) عذاب کرنیوالا * مُعَذِّبُوْ* مُعَذِّبِیْنَ) عذاب کرنیوالے * مُعَذَّبِیْنَ) عذاب دے گئے * مُعَلَّقَۃ) اوپر کی گئی * مَعْصِیَۃ) گناہ * مُعْتَدٍ) حد سے بڑھنیوالا * مُعْتَدُوْنَ) حد سے بڑھنے والے اور سرکشی کرنیوالے * مُعْتَبِیْنَ) خوش کئیے گئیے اور رفع عتاب کئیے گئے یعنے منائے گئیے * مَعْکُوْف) اوندھا کیا گیا * فصل المیم مع الغین * مغ

مَغْرِب) آفتاب ڈوبنے کی جگہہ * مَغْرِبَیْنِ) دو غروب کی جگہے یعنے جاڑے اور گرمی کی * مَغَارِب) بہت مغرب ہرروز کے * مَغْضُوْب) غصہ کیا گیا * مُغَاضِب) غصہ بھرا * مَغْلُوْب) دبایا گیا * مَغْشِیّ) بیہوش کیا گیا * مَغْرَم) تاوان اور رجے کا دینا ضرور رہو * مُغْرَمُوْنَ) قرضدار کئیے لئیے پھنسائے گئیے * مَغَانِم) غنیمتیں کہ کافروں سے ہاتھہ آوین * مَغَارَات) کڑھے * مُغْبَرَّات) لوٹنیوالین * مُغْتَسَل)

نہانے کی جگہہ * مُغْرَقُوْنَ) ڈبالے گئے * مُغْنُوْنَ) بچانے
والے اور بے پروا کئے گئے * مَغْفِرَةَ) بخشنا * مَغْلُوْلَة)
بند کئے گئے اور ید الله مغلولته سے مراد بخیل ہی

مف العیاذ بالله * مُغِیّر) بدلنیوالا * فصل المیم مع الفاء *

مَفَاز) پہنچنا اور فتح پانی * مَفَازَة) میدان اور فتح پانے
کی جگہہ * مَفَرّ) بھاگنے کی جگہہ * مُفْلِحُوْنَ) مراد کو پہنچنے
والے * مُفْسِد) بگاڑنیوالا * مُفْسِدُوْنَ) بگاڑنیوالے *
مَفْرُوْض) فرض کیا گیا اور واجب اور مقرر کیا گیا * مَفَاتِح)
کنجیاں * مَفَاتِیْح) کنجیاں * مُفَتَّحَة) کہولی گئی * مَفْعُوْل)
کیا گیا * مُفَصَّل) بیان کیا گیا * مُفَصَّلَات) جدا کی گئیں *
مُفْتَرٍ) افترا کرنیوالا * مُفْتَرُوْنَ) بہتان کرنیوالے * مُفْتَرِی)
بہت کیا گیا * مُفْتَرَیَات) جہوٹہہ باندہی گئین * مَفْتُوْن)
جانچا گیا اور بچالیا گیا * مُفْرَطُوْنَ) افراط کئے گئے اور

مق سرکشی مین ڈالے گئے * فصل المیم مع القاف *

مُقْرِنِیْنَ) طاقت رکھنے والے* مُقَرَّنِیْنَ) جکڑے گئے*
مُقْتَرِنِیْنَ) ملنے والے اور پرا باندھنیوالے* مُقْمَحُوْنَ)
سر بلند کئے گئے* مُقَام) کھڑے ہونے کی جگہہ اور
گھڑا ہونا* مَقَام* مَقَامَةٌ) کھڑا ہونا اور رہنا دارالمقامہ
بہشت* مُقِیْم) رہنیوالا اور سیدھا کرنیوالا* مُقِیْمِیْنَ)
رہنیوالے اور سیدھا کرنیوالے اور برپا رکھنیوالے*
مَقْسُوْم) حصہ کیا گیا* مُقْتَسِمِیْنَ) بانٹنیوالے* مُقَسِّمَات)
بانٹنیوالیاں یعنے فرشتے بانٹنیوالے کامونکے* مَقَامِع)
منگریان اور تبرسب* مَقْطُوْع) کاٹا گیا* مَقْطُوْعَة)
کاٹی گئی اور آخر کی گئی* مَقْدُوْر) ٹھہرایا گیا اور قدرت
کیا گیا* مِقْدَار) اندازہ* مُقْتَدِر) قدرت والا* مُقْتَدِرُوْنَ)
توانائی رکھنیوالے* مُقْتِر) درویش اور تنگی کرنیوالا*
مُقْتَصِد) درمیان میں چلنیوالا* مُقْتَصِدَة) سیدھی
یعنے اعتدال سے چلنیوالی اور حد وسط نگاہ رکھنیوالی*

مَقعَد) بیٹھنا اور جگہہ بیٹھنے کی * مَقَاعِد) بیٹھنے کی
جگھے * مَقَالِید) کنجیان * مُقَنطَرَة) ڈھیر کی گئی یعنے زیادہ
کی گئی * مَقت) گناہ اور غصہ * مُقِیت) توانا اور نگواہ اور
روزی دینیوالا * مَقصُورَات) مستورات یعنے چھپائی
گیئں * مَقبُوضَة) قبضہ کی گئی * مُقَرَّبُونَ) نزدیک کیئے گئے اور
مرتبے دئے گئے * مَقرَبَة) نزدیکی اور ذا مقربہ قرابت والا *
مُقسِطِینَ) انصاف کرنیوالے * مُقتَدُونَ) پیروی کرنیوالے
مَقضِيّ) ادا کیا گیا * مَقِیل) آرامگاہ اور دوپہر کے سونیکا
وقت * مُقَدَّس) پاک کیا گیا * مُقَدَّسَة) پاک کی گئی
اور ارض مقدسہ زمین شام ہی * مُقتَرِفُونَ) کمانیوالے *
مَقبُوحِینَ) بدی کئے گئے * مُقَصِّرِینَ) بال کترانیوالے
اور قصور کرنیوالے * مُقنِعِي) سر اُٹھانیوالے * مُقوِینَ)
جنگل کے رہنیوالے اور مسافر اور محتاج * مَقَابِر *
قبرستان * مُقتَحِم) درمیان مین آنیوالا اور دھنسنیوالا

* فصل المیم مع الکاف * مَکّة) نام شہر کا ہی کہ مولد خاتم النبیین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و سلم کا ہی جس مین بیت اللہ مطاف عالم کا ہی * مُکَاءٌ) سیٹی بجانی * مَکْظُوْم) غصہ بھرا ہوا اور غمگین * مُکْرِم) عزت دینیوالا اور نوازنیوالا * مُکْرَمُوْنَ) عزت دلیے گئے * مِکْیَال) پیمانہ اور ماپ * مَکَان) جاے اقامت * مَکَانَة) جگہہ * مَکَّنَ) قوت دی اور جگہہ دی * مَکَّنَّا) زور دیا ہمنے اور جمایا اور جگہہ دی ہمنے * مَکِیْن) مرتبے والا * مَکْنُوْن) چھپایا گیا * مَکِیْدُوْنَ) مکر کئیے گئے اور بدلا دئے گئے مکر کا * مُکِبّ) سرنگون گرنیوالا * مَکْتُوْب) لکھا گیا * مُکَذِّبُوْنَ) جھٹلانیوالے * مَکْذُوْب) جھٹلایا گیا * مُکْث) دیر کرنی اور ٹھہرنا اور انتظار * مَکَثَ) دیر کی اُسنے اور ٹھہرا * مَکْر) حیلہ کرنا * مَکَرَ) داو کیا * مَکَرُوْا) داو کئے * مَکَرْتُمُوْا) فریب دیا تمنے * مَکَرْنَا) حیلہ کیا

ہمنے اور بدلا حیلے کا دیا ہمنے) مُکَلَّبِیْنَ * کتّے کو شکار سکھانیوالے * مُکَرَّمَة) تکریم دی گئی * مَکْرُوْه) ناگوار

مل * فصل المیم مع اللام * مَلَك) فرشتہ * مَلَکَیْنِ) دو فرشتے یعنے ہاروت اور ماروت * مَلَائِکَة) فرشتے * مُلْك) پادشاہی اور پادشاہ ہونا * مَلِك) پادشاہ * مُلُوْك) پادشاہ سب * مَلِیْك) شہنشاہ * مَلَکُوْت) پادشاہی اور ملکوت السموات نام عالم ارواح کا ہی قلم اعلی سے اور نفس ناطقہ انسانیہ تک * مَلَکَتْ) مالک ہوئی اور مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ باندی اور غلام * مَلَکْتُمْ) مالک ہوئے تم * مِلْك) اختیار اور قدرت * مَلُوْم) ملامت کیا گیا * مَلُوْمِیْنَ) ملامت کئے گئے * مُلِیْم) سزاوار ملامت * مُلْتَحَد) پناہ کی جگہہ * مِلَّة) مذہب اور اصول عقائد * مَلَاُ) گروہ اور مصاحب اور مردم اشراف * مِلَاء) بھرنا * مُلِئَتْ) بھری گئی *

مَلِيَّ) مدت اور زمانہ تھوڑا * مَلْجَاً) پناہ کی جگہہ * مُلْقُوْنَ
ڈالنیوالے * مُلْقِیَاتِ) ڈالنیوالیان اور اُتارنیوالیان
صفت فرشتون کی ہی مُلْقِیَاتِ ذِکْرًا * مُلاَقِیْ)
ملاقات کرنیوالا * مُلاَقُوْا) ملنے والے دیکھنیوالے * مَلْعُوْنِیْنَ
پھٹکارے گئے اور ہانکے گئے * مَلْعُوْنَۃَ) لعنت کی

گئی * مِلْحٌ) نمک اور کھارا * فصل المیم مع المیم * مم
مُمَرَّدٌ) برابر کیا گیا اور بنا چمکتی ہوئی اور صاف اور
بلند * مُمِدٌّ) مدد دینے والا * مَمْدُوْدٌ) کھینچا گیا
* مَمْدُوْدَۃٌ) دراز کی گئی اور لنبی کی گئی * مُمْطِرٌ)
برسانیوالا * مُمْتَرِیْنَ) گمان کرنیوالے * مُمَزَّقٌ) پھاڑا
گیا اور پھاڑنا * مِمَّ) کس چیز سے * مِمَّا) اُس چیز
سے * مِمَّنْ) کس شخص سے یے الفاظ مرکب ہین
* مَمْلُوْکٌ) غلام * مُمْسِكٌ) روکنے والا * مُمْسِکَاتٌ)
روکنیوالیان اور منع کرنیوالیان * مَمْنُوْنٌ) احسان رکھا

گیا اور نقصان کیا گیا اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُون ثواب نہ کم کیا گیا

* مَمْنُوعَة) منع کی گئی * مَمَات) مرنا اور مردہ * فصل

من المیم مع النون * مَنْ) کون اور وہ شخص اکثر استعمال

اِسکا ذوی العقول مین آتا ہی بخلاف ما کے * مِنْ)

سے حرف جر ہی * مَنّ) ترنجبین * مَنّ) احسان کرنا

اور نعمت دینی اور رکم کرنا * مَنَّ) احسان کیا * مَنَنَّا)

احسان کیا ہمنے * مَنِيّ) نطفہ کہ جسے بچہ پیدا ہووے

* مَنُون) زمانہ اور ریب المنون حوادث روزگار *

مُنْتَهٰى) انتہا کیا گیا اور آخر کو پہنچایا گیا * مُنْتَهُوْنَ) باز

رہنیوالے اور آخر کو پہنچنے والے * مُنْذِر) ڈرانیوالا

* مُنْذِرُوْنَ) ڈرانیوالے * مُنْذَرِیْنَ) ڈرائے گئے

* مَنْسِيّ) بھولا گیا * مُنَادِي) بلانیوالا اور پکارنیوالا

وقد یحذف الیاء * مَنَام) سونا اور جگہہ سونے کی *

مَنْسَك) قربانی کی جگہہ اور عادت کا مقام * مَنَاسِك) حج کے

کام * مَنْطِق) بات اور بات کہنی اور منطق الطیر چڑیونکی بات کہ حق سبحانہ وتعالی نے حضرت سلیمان علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کو تعلیم فرمائی تھی * مُنَافِقُوْنَ) دو دلے یعنے جوکہ زبان سے کلمہ کہین اور دلسے منکر ہووین یا شک مین پڑے ہون اور کبھی منافق مسلم ضعیف الایمان کوبھی کہتے ہین فی الحدیث علامۃ المنافق ثلثۃ اذا احدث کذب واذا اؤتمن خان واذا خاصم فجر الخ * مُنَافِقَاتَ) دو منہہ والیان عورتین منافقون کی * مُنْفِقُوْنَ) خرچ کرنیوالے * مَنَعَ) پھیر رکھا * مَنَّاع) بڑا پھیر رکھنے والا * مَنُوْع) نہ دینیوالا اور منع کرنیوالا * مَنَاص) بھاگنا اور چارہ * مَنفُوش) پراگندہ کیا گیا اور جدا کیا گیا اور دُھنے ہوئے * مُنْکِرَۃ) انکار کرنیوالی * مُنْکِرُوْنَ) انکار کرنیوالے * مُنْکَر) انکار کیا گیا اور نہ پہچانا گیا اور خلاف شرع * مُنْکَرُوْنَ) غیر معلوم یعنے نہ

پہچانے گئے * مَنْشُوْر) موتی نا پرویا گیا اور پھر بکھری اور پراگندہ کی گئی * مَنْشُوْر) پراگندہ کیا گیا اور فرمان کھلا * مُنْتَشَر) پراگندہ اور بکھرا ہوا * مُنْشِرِیْنَ) اُٹھائے گئے * مَنْشَرَة) کھولی گئی اور پراگندہ کی گئی * مُنْهَمِر) مینھہ اور برسنیوالا * مُنْقَعِر) جڑ سے اکھڑا ہوا * مِنْهَاج) راہ سیدھی * مُنْخَنِقَة) گلا گھونٹی ہوئی * مَنْضُوْد) تہہ بہ تہہ جمایا گیا * مَنَاكِب) راہیں زمین کی اور کاندھے آدمیون کے * مُنِيْب) اللہ کی طرف رجوع کرنیوالا اور دانت نکالنیے والا کر گڑا نیوالا * مُنِيْبِيْنَ) رجوع کرنیوالے * مُنْقَلَب) پھرا گیا اور جگہہ پھر سے جانے کی * مُنْقَلِبُوْنَ) پھرنیوالے * مُنَزَّل اُتارا گیا * مُنَزِّل) اُتار نیوالا * مُنْزِل) اُتار نیوالا * مُنْزِلُوْنَ) اُتار نیوالے * مُنْزَلِيْنَ) اُتارے گئے * مَنَازِل) اُترنیکی جگہے * مَنَافِع) فائدے * مُنْظَرُوْنَ) مہلت دئے گئے *

مُنْتَظِرُوْنَ) انتظار کرنیوالے * مَنْقُوْص) کم کیا گیا *
مُنَجُّوْ) نجات دینیوالے نون گر گیا * مَنْصُوْر) مدد کیا گیا *
مَنْصُوْرُوْنَ) مدد کئے گئے * مُنْتَصِر) بدلا لینیوالا * مُنْتَصِرِیْن
داد لینیوالے * مُنْتَقِمُوْنَ) بدلا لینیوالے * مِنْسَاۃ)
عصا * مُنْشَاٰت) اُٹھائی گئین اور کشتیان باد بان کھینچی
گئین * مُنْشِئُوْنَ) پیدا کرنیوالے * مَنَات) نام ہی بت
کا یا پتھر کا کہ ہزیل اور خزاعہ طواف اُسکا کرتے تھے
اور اہل قدید اور مسلل اور بنو کعب بھی اُسکو پوجتے تھے
بعد ظہور نور اسلام کے گمنام ہو گیا * مُنْبَثّ) پراگندہ کیا
گیا * مُنْفَطِر) پھٹنے والا * مُنْفَکِّیْن) جدا ہونیوالے *
مُنِیْر) روشن اور چمکنیوالا * فصل المیم مع الواو *

مُوْسٰی) علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام نام ہی ایک پیغمبر
عظیم الشان کا بیٹے عمران کے قصہ اُنکا قران مین خوب
مذکور ہی اصل مین میشا تھا عرب نے یا اور شین کو واو

اور سین سے بدل کیا اور فصوص مین ہی کہ ال
فرعون نے جب اُنکو عین الشمس مین نیچے درختون
کے پایا فرعون موسی نام رکہا اسواسطے کہ (مو) قبطی
زبان مین پانی کو کہتے ہین اور (سا) درخت کو *
مَوْتیٰ) مردے * مَوْت) مرنا اور بے حس اور حرکت
ہونا * مُوْتُوا مرو تم * مَوْلیٰ) دوست اور ہمسایہ اور
آزاد کرنیوالا اور آزاد کیا گیا * مَوَالِیّ) دوست سب
مُوَلِّي) منہہ پھیرنیوالا * مُؤْتَفِکَة) بھرنیوالی * مُؤْتَفِکَات)
اُلٹنیوالیان نام ہی لوط علیہ السلام کی بستیونکا کہ اللہ
نے اُنکو اوندھا کردیا تھا * مُوْقَدَة) آگ سلگائی گئی *
مَوْضُوْنَة) جواہر سے بھرے ہوئے اور دو دو حلقے بنے
گئے * مَوْقُوْت) وقت کیا گیا * مَوَاقِیْت) وقت سب
جمع میقات کی * مُؤْصَدَة) موندی گئی * مَوْؤُدَة) جیتی
گاڑی گئی * مَوْر) ہلنا اور کنپنا * مُوْرِیَات) آگ مارنے

والیان اور آگ پتھر سے نکالنیوالیان صفت گھوڑون کی ہی کہ انکے سمو نسے آگ نکلتی تھی * مَوْلُوْد) جنا گیا اور جننے کا وقت * مَوْعِد) وعدہ کی جگہہ * مَوْعِدَة) وعدہ مَوْعُوْد) وعدہ کیا گیا * مَوَاخِر) پانی پھاڑنیوالیان اور پانی مین چلنے والیان * مَوْفُوْر) بہت کیا گیا * مَوْضُوْعَة رکھے گئے * مَوَاضِع) جگہے رکھنے کی * مَوَاقِع) گرنیکی جگہے * مُوَاقِعُوْا) گرنیوالے * مَوْثِق) عہد اور پیمان * مَوْبِق) ہلا کی کی جگہہ * مُؤْمِن) باور کرنیوالا اور مضمون لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ کو دلسے اعتقاد کرنیوالا اور کفر اور کافر سے بیزار ہونیوالا * مُؤْمِنُوْنَ) ایمان لانیوالے * مُؤْمِنَة) ایمان لانیوالی * مُؤْمِنَات) ایمان لانیوالیان * مُوْفُوْنَ) پورا دینے والے * مُوَفُّوْا) خوب پورا دینیوالے * مُوْصٍ) وصیت کرنیوالا * مُوْسِع) تونگر اور فراخی کرنیوالا * مُوْسِعُوْنَ)

فراخ کرنیوالے * مُؤَجَّل) وعدہ کیا گیا * مُؤْتُوْنَ) دینے والے اصل مین موتیون تھا * مَوْقُوْذَۃ) لکڑی سے ماری گئی کھانا اُسکا حرام ہی * مَوَدَّۃ) یاری اور دوستی کرنی * مَوْزُوْن) تولا گیا * مَوَازِیْن) ترازو سب * مُؤَلَّفَۃ) اُلفت کی گئی * مَوْعِظَۃ) نصیحت * مَوْطِأً) زمین اور رکھنے کی جگہہ * مَوَاطِن) جگھے لڑائی اور اقامت کی * مَوْج) لہر پانیکی * مَوْرُوْد) وارد کیا گیا * مَوْئِل) جگہہ پھرنیکی * مُوْقِنُوْنَ) یقین کرنیوالے * مَوْقُوْفُوْنَ) کھڑے کیے گئے * مُوْھِن) سست کرنیوالا * مُؤَذِّنٌ) خبردار کرنیوالا * فصل المیم مع الھاء *

مُھَیْمِن) گواہ اور نگاہبان اور مہربان اصل مین مُئَیْمِن ہمزہ سے تھا اُسکو ہ سے بدل گئے * مُھِیْن) خوار کرنیوالا اور ذلیل کرنیوالا * مَھِیْن) خوار اور ذلیل ورماء مھین نطفہ ہی * لاھانۃ الطبع لھا * مُھَان)

خوار کیا گیا * مَهْمَا) جب اسمین معنے شرط کے ہین * مُهْل) تانبا پگھلا یا ہوا اور پیپ * مَهِيْل) گرایا ہوا اور ریت مَهِّل) فرصت دے * مُهْطِعِين) سر اُٹھا کر دوڑنیوالے * مَهْزُوْم) بھگایا گیا * مُهَاجِر) ہجرت کرنیوالا اور دین بچانیکے واسطے وطن چھوڑنیوالا * مُهَاجِرِيْنَ) ہجرت کرنیوالے * مُهَاجِرَات) ہجرت کرنیوالیاں * مَهْجُوْر) چھوڑا گیا اور ناحق اور بیہودہ * مُهْلِكُوْنَ * مُهْلِكِيْ) ہلاک کرنیوالے * مُهْلَكِيْنَ) ہلاک کئے گئے * مَهْلِك) خراب ہونا * مُهْتَدِيْ) راہ پانیوالا * مُهْتَدُوْنَ) راہ پانیوالے * مَهْد) گہوارہ اور زمین اور بچھانا * مِهَاد) بچھونے اور فرش * مَهَّدْتُ) مہیا کیا مین نے اور تیار فرمایا ہمنے * فصل المیم مع الیاء * مِيْكَال) نام فرشتے کا ہی کہ مینہہ برسانے پر مقرر ہی اور علم ارزاق اُس سے علاقہ رکھتا ہی اور

می

حفص اور نافع نے میکاعل اور میکائل پڑھا ہی *
مَیْتَۃ) مردار * مَیْت) مردہ * مَیِّت) مرنیوالا *
مَیِّتُونَ) مرنیوالے * مَیْمَنَۃ مبارکی اور دہنی طرف
اور اصحاب المیمنۃ اور اصحاب الیمین ایک ہین
یعنے جنتی لوگ * مَیْسِرَۃ) آسانی اور کشایش * مَیْسُور)
آسان اور آسان ہونا * مَیْسِر) جوا اور جوا کھیلنا * مَیْل)
ٹیڑھا ہونا اور ظلم کرنا * مَیْلَۃ) ایک بار جھکنا اور
خواہش کرنی * مِیزَان) ترازو * مِیعَاد) وعدہ کرنا
اور وعدہ کی جگہہ * مِیرَاث * مال مردہ * مِیقَات)
وقت * مِیثَاق) عہد اور اقرار

* باب النون *

نا * ن) یہہ حرف متشابہات سے ہی لغت مین معنے اسکے
دوات اور ماہی کے آئے ہین اور مفسرین سے دونون
معنے مذکور ہین اور مچھلی بعضے مطلق ارادہ کرتے ہین

اور بعضے خاص وہ مچھلی کہ یونس علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کو نگلی تھی کہتے ہین اور بعضے وہ مچھلی ارادہ کرتے ہین کہ تمام زمین اُسکی پیٹھہ پر ہی اُسکا نام بھوت یا بہلوت ہی اور ایک نون آخر افعال مین آتا ہی معنے اُسکے تاکید کے ہوتے ہین وہ دو قسم ہی ثقیلہ اور خفیفہ اُسکی تفصیل صرف کی کتابون مین خوب ہی اور ایک نون وقایہ ہوتا ہی کہ آخر افعال اور حرف مشبہ بالفعل مین واسطے صیانت کے کسرہ سے لاحق ہوتا ہی اور اُسکے کچھہ معنے نہین ہوتے ہین * فصل

النون مع الالف * نَا) ہم * نَاَ) دور ہوا * نَار) آگ اور دوزخ لکہا ہی کہ دنیا کی آگ سترواں جز ہی دوزخ کی آگ کا * نَاس) آدمی سب * نَاشِئَة) رات کا اُٹھنا اور اول ساعتین رات کی * نَأْکُلُ) کہاتے ہین ہم * نَاشِرَات پراگندہ کرنیوالیان مراد ہوا ہی کہ ابر کو

نا

منتشر کرتی ہی یا پانی کر رو ئیدگی کو پراگندہ کرتا ہی * نَاشطَاتِ) کھولنے والیان اور باہر کرنیوالیان مراد یہان فرشتے رحمت کے ہین * نَاصِبَة) کھڑا کرنیوالی اور رنج اُٹھانیوالی * نَاصِیَة) پیشانی اور اُسکے بال * نَافِلَة) زیادہ اور اِنعام اور پوتا اور بخشش غر واجب * نَازِعَات) گھُسنے والیان اور جان نکالنے والیان مراد اُس سے فرشتے موت کے ہین * نَاضِرَة) تازی ہونیوالی * نَاعِمَة) آسایش کرنیوالی * نَاظِرَة) دیکھنیوالی * نَاظِرِینَ) دیکھنیوالے * نَاصِر) مدد کرنیوالا * نَاصِرِینَ) مدد کرنیوالے * نَاقُوْر) نقارہ و بعضے ناقور کو بہ معنی صور کے کہے ہین مجازاً * نَاصِح) نصیحت کرنیوالا * نَاصِحُوْنَ) نصیحت کرنیوالے * نَادٰی) آواز دی اور بلایا * نَادُوْا) بلائے * نَادَتْ) بلائی * نَادَیْتُمْ) بلائے تم * نَادَیْنَا) پکارا

تمنے * نَادِيْ) مجلس اور جمع ہونے کی جگہہ * نَاتِيْ) آتے ہین ہم اور لاتے ہین ہم * نُؤْتِيْ) دینگے ہم * نُؤْتٰی) دئے جائینگے ہم * نَاخُذُ) لیتے ہین ہم * نَافَقُوْا) منافق ہوئے * نَادِمِيْنَ) پشیمان ہونیوالے * نَائِمُوْنَ) سونیوالے * نَاهُوْنَ) منع کرنیوالے * نَاجٍ) بچنے والا * نَاجَيْتُمْ) سرگوشی کی تمنے * نَاسِكُوْ) قربانی کرنیوالے * نَاسِكُوْا) سراوندھا کرنیوالے * نَاكِبُوْنَ) تیرھے ہونیوالے * نَاقَة) اونٹنی اور نَاقَةُ اللهِ وہ اونٹنی کہ حضرت صالح علیہ السلام کے معجزے سے پتھر سے نکلی تھی اور اضافت اللہ کی طرف تشریفی ہی * فصل النون مع الباء * نُبُوَّة) پیغمبری یعنی اللہ تعالی کی طرف سے بندونکو پیغام پہنچانا * نَبِيّ) پیغمبر یعنے خبردینے والا حشر اور نشر سے اور مبدا اور معاد سے * نَبِيُّوْنَ) پیغمبر سب * نَبَأٌ * نَبَؤُ) خبر اور نَبَاء عظیم قیامت * نَبَّأ) خبردار

کیا * نَبَّأْتُ) آگاہ کی * نَبَّأْتُ) خبردار کیا مین نے * نَبِّئْ)
خبر کر * نَبِّئُوْا) خبر کرو * نَبَات) گھاس * نَبَذَ) پھینکا *
نَبَذُوْا) پھینکے * نَبَذَتْ) پھینکی * نَبَذْتُ) پھینکا مین نے
* نَبَذْنَا) پھینکا ہمنے * نُبِذَ) پھینکا گیا * نُبَيِّتُ) رات
کم رینگے اور شب خون کرینگے ہم * نَبْطِشُ) سخت
پکڑینگے ہم * نَبْعَثُ) پہنچینگے ہم * اور اُٹھاوینگے ہم
* نُبَوِّئُ) جگہہ دینگے ہم * نَبْرَحُ) جدا ہوینگے ہم * نَبْتَلِي)
جانچتے ہین ہم * نَبْلُو) جانچینگے ہم * نَبْغِي) چاہتے ہین
ہم * نَبْتَغِي) طلب کرتے ہین ہم اور آرزو رکھتے
ہین ہم * نُبَشِّرُ) خوش خبری دیتے ہین ہم * نُبَدِّلُ)
بدل کرتے ہین ہم * نَبْرَءُ) پیدا کرتے ہین ہم * نُبَيِّنُ)
بیان کرتے ہین ہم * نَبْتَهِلُ) دعا او رزاری کرینگے ہم

* فصل النون مع التاء * نَتَبَوَّءُ) جگہہ پکڑتے ہین ہم * نت
نَتَبَرَّءُ) بیزار ہوتے ہین ہم * نَتَنَزَّلُ) اُترتے ہین ہم

* نَتَرَبَّصُ) انتظار کرتے ہیں ہم * نَتَوَکَّلُ) بھروسا اللہ ہی پر کرتے ہیں ہم * نَتَکَلَّمُ) بات کرتے ہیں ہم * نَتَقَبَّلُ) قبول کرتے ہیں ہم * نَتَّبِعَ) پیروی کرتے ہیں ہم * نُتْبِعُ) پیچھے سے لاتے ہیں ہم * نَتَّخِذُ) پکڑتے ہین ہم * نَتَوَفَّی) مارینگے ہم اور پورا دینگے ہم * نَتَجَاوَزُ) معاف کرتے ہین ہم اور دور ہوتے ہین ہم * نَتْلُوْ) پڑھتے ہین ہم * نَتَقْنَا) اٹھایا ہمنے * نَتْرُكُ) چھوڑتے ہین ہم * نُتَخَطَّفُ) اچک لیجائے جائینگے ہم

* فصل النون مع الثاء * نُثَبِّتُ) ثابت رکھتے ہین ہم اور برقرار رکھتے ہین ہم

* فصل النون مع الجیم * نَجْمُ) تارا اور گھاس کہ زمین پر پھیلے آور آیت والشمس والقمر بحسبان والنجم والشجر یسجدان مین مراعات النظیر ہی اور ایہام التناسب بھی کہتے ہین * نُجُوْمُ) تارے اور نہ اُٹھنا گھاس کا *

نث

نج

نَجْوٰی) مشورہ اور سرگوشی * نَجَاۃ) بچاؤ نَجِیٌّ) ہمراز * نَجٰی) بچا یا * نَجَوْتَ) خلاصی پائی تونے * نَجّٰی) نجات دی اسنے * نَجَّیْنَا بچا یا ہمنے * نُجِّیَ) بچایا گیا * نُجِّ نجات دے * نَجْمَعُ) جمع کرینگے ہم * نَجْعَلُ) بناوینگے ہم * نَجْدَیْنِ دو گھاٹیاں اور دو چیزین بلند مراد دونوں چھاتیاں ہین یا خیر و شر * نَجِدُ) پاتے ہین ہم * نَجْزِيْ) بدلا دینگے ہم * نُجَازِيْ بدلا دیتے ہین ہم نُجِیْبُ) جواب دیتے ہین ہم اور قبول کرتے ہین ہم

* فصل النون مع الحاء * نَحْنُ) ہم ضمیر متکلم مع الغیر کی ہی * نِحْلَۃ) مہراور قرض حسنہ اور بخشش بے عوض * نَحْبٌ) ذمہ اور عہد اور حصہ * نَحْسٌ) بدبخت اور منحوس * نَحِسَاتٌ) برے اور نامبارک * ایام نحسات قوم عاد کے عذاب کے دن * نُحَاسٌ) تانبا اور آگ اور دھوان * نَحْلٌ) شہد

نح

کی کہی نَخْبی) جُنینگے ہم * نُخْبِی) جاو ینگے ہم نَحْفَظُ)
حفاظت کرلے ہین ہم *نَحْشُر) جمع کرینگے ہم *نُحْضِرُ) سامنے
لاوینگے ہم *نُحْرِقُ) جلاوینگے ہم * نَحْمِلُ) اُٹھالینگے ہم *

* فصل النون مع الخاء *نَخْل) کہجور کے درخت *
نَخِیْل) کہجور کا درخت * نَخْلَة) ایک درخت کہجور کا* نَخْشی
ڈرتے ہین ہم *نَخْزی) رسوا ہونگے ہم* نَخْرُجُ) نکلینگے ہم *
* نُخْرِجُ) نکالینگے ہم * نَخُوضُ) فکر کرینگے اور گھسینگے
اور کہوج کرینگے ہم * نُخْفِی) چھپاوینگے ہم * نَخْتِمُ)
مُہر کرینگے ہم* نَخَافُ) ڈرتے ہین ہم * نُخَوِّفُ)) ڈرالے
ہین ہم * نَخْسِفُ) زمین مین دھساوینگے ہم * نَخْلُقُ)
پیدا کرینگے ہم اور کرتے ہین ہم * نُخْلِفُ) خلاف
کرینگے ہم * نَخِرَة) کھوکھری یعنے اندر سے خالی اور پرانی
بلی ہوئی اور بعضون لے ناخرة پڑھا ہی *فصل النون مع الدال*
نَدُلُّ) راہ بتالے ہین ہم * نَدِیّ) مجلس * نَدْرِیْ)

نخ

نل

جانتے ہین ہم * نَدَامَة) پشیمانی * نِدَاء) پکارنا *
نَدْخُلُ) داخل ہونگے ہم * نُدْخِلُ) داخل کرینگے ہم *
نَدْعُوا) بلاوینگے ہم * نُدَاوِلُ) بدلتے ہین ہم * فصل النون

نذ

مع الذال) نَذْهَبُ) جاوینگے ہم * نَذْر) منت اور
عہد پیمان * نُذُوْر) منتین * نَذَرْتُمْ) منت مانی
تمنے * نَذَرْتُ) عہد کیا مین نے * نُذْر) ڈرانا * نَذِیْر)
ڈرانیوالا * نُذُر) ڈرانیوالے * نَذَرُ) چھوڑتے
ہین ہم * نَذْكُرُ) یاد کرتے ہین ہم * نَذِلُّ) خوار ہوتے
ہین ہم * نُذِیْقُ) چکھاتے ہین ہم * فصل النون مع الراء)

نر

* نَرَی) دیکھتے ہین ہم اور جانتے ہین ہم * نُرِيْ) دکھاتے
ہین ہم * نُرِیْدُ) چاہتے ہین ہم * نَرُدُّ) رد کرتے ہین ہم
اور اُلٹتے ہین ہم * نُرَدُّ) اُلٹے جاوینگے ہم * نُرَاوِدُ)
خواہش کرینگے ہم اور حاجت نفس کی چاہتے ہین ہم
نُرْسِلُ) بھیجتے ہین ہم * نَرْفَعُ) اٹھاتے ہین ہم

نَرْزُقُ) روزی دیتے ہین ہم * نَرِثُ) وارث ہونگے ہم * نُرَبِّ) پرورش کرتے ہین ہم * فصل النون مع الزاء * نُزُل) مہمانی * نَزْلَة) ایکبار اُترنا * نَزَلَ) اُترا * نَزَّلَ) اُتارا * نَزَّلْنَا) اتار اہمنے * نُزِلَ) اتار اگیا * نُزِّلَتْ) اُتاری گئی * نَزِيْد * نَزِدْ) بڑھاتے ہین ہم * نَزْدَادُ) زیاد ہوتے ہین ہم اور بڑھاتے ہین ہم * نَزَعَ) نکالا * نَزَعْنَا) نکالا ہمنے * نَزَّاعَة) نکالنے والا * نَزْع) ورغلانا * نَزَغَ) فتنہ ڈالا * فصل النون مع السین *

نز

نس

نَسِيْءٌ) اُدھار اور دیر کرنی اور صراح مین ہی کہ نَسِيْءٌ بمعنی منسوخ کے ہی یعنے پیچھے ہٹایا گیا عادت عربکی تھی کہ حج کے مہینے کو پیچھے ہٹادیتے تھے اُسکو منع فرمایا * نَسِيَ) بھولنا * نَسِيَ) بھولا * نَسِيَا) بھولے دونون یعنے موسی اور ہارون * نَسُوْا) بھولے * نَسِيْتَ) بھولا تو * نَسِيْتُمْ) بھولے تم * نَسِيْتُ) بھولا مین * نَسِيْنَا) بھولے ہم *

* نَسِيّ) بھولا یا گیا اور جو چیز کہ زبون اور بے قدر ہو اور سفر میں اُسکو منزل مین ڈالدین اور اُسپر التفات نکرین * نَسْتَعِيْنُ) مدد چاہتے ہمین ہم * نُسَبِّحُ) پاکی بیان کرتے ہمین ہم * نَسْتَحْيِي) زندہ چھوڑ دینگے ہم * نُسْكِنُ) بسا وینگے ہم اور ٹھہرا وینگے ہم * نُسْقِطُ) ساقط کرتے ہمین ہم * نَسُوقُ) چلاتے ہمین ہم * نَسْئَلُ) پوچھتے ہمین ہم اور مانگتے ہمین ہم * نُسْئَلُ) پوچھے جاتے ہمین ہم اور جاوینگے ہم * نُسْلِمُ) اسلام لاتے ہمین ہم اور فرمان برداری کرتے ہمین ہم * نَسْخَرُ) ٹھٹھا کرتے ہمین ہم * نُسْقِي) پلاتے ہمین ہم * نَسْقِي) پلاوینگے ہم * نُسَيِّرُ) چلاتے ہمین ہم اور سیر کرواتے ہمین ہم * نُسَارِعُ) شتابی کرتے ہمین ہم * نَسْجُدُ) سجدہ کرتے ہمین ہم * نُسَوِّي) برابر کرتے ہمین ہم * نَسْلَخُ) باہر کھینچتے ہمین ہم * نَسْمَعُ) سنتے ہمین ہم *

* نَستَحوِذُ) گھیر لینگے اور نگہبانی کرینگے ہم * نَستَدرِج)
آہستہ آہستہ کھینچتے ہین ہم * نَستَنسِخُ) لکھواتے ہین ہم
* نُسخَة) کتاب اور لکھی ہوئی چیز * نَسف) اڑانا اور
اُکھیڑنا * نُسِفَت) اڑائی گئی * نَستَبِقُ) سبقت
کرتے ہین ہم * نَسفَعُ) گھسیٹینگے ہم اور جلاوینگے ہم * نُسُك)
قربانیان * نَسل) اولاد اور جان اور بنیاد * نَسَب)
سگاوت * نِساء * نِسوَة) عورتین * نَسِمُ) داغ
دینگے ہم * نَسلُكُ) چلاتے ہین ہم * نَسر) نام بت کا
ہے کہ قوم نوح اسکو بعد وفات ادریس عم کے
کرگس کی صورت بناکے پوجتی تھی اور اسکو مظہر
قوۃ الہی کا سمجھتی تھی اور حقیقت مین حضرت
ادریس علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام تھا
ابلیس نے فریب سے اُسکو بصورت

بت کے بنایا تھا * فصل النون مع الشین *

نَشْأَۃ) پیدا کرنا * نَشَاءُ) چاہتے ہین ہم * نَشْر) خوشبو اور
پراگندہ کرنا * نُشُوْر) زندہ ہونا یوم النشور دن قیامت *
نُشِزَتْ) بکھری گئی * نُشُوْز) بد خوئی کرنی اور نا
موافقت عورت مرد کی * نَشْط) گرہ کھولنی * نُشْرِكُ)
شریک کرتے ہین ہم * نَشُدُّ) مضبوط کرتے ہین ہم *
نَشْتَرِي) خرید کرتے ہین ہم * نَشْرَح) کشادہ کرتے
ہین ہم * نَشْهَدُ) گواہی دینگے ہم اور حاضر ہوینگے ہم

نص

* فصل النون مع الصاد * نَصَارٰی) نام ہی حضرت
عیسی علیہ السلام کی امت کا اول حق پر تھے بعد انکے
انتقال کے کافر ہوئے اور حضرت کو ثالث ثلثہ کہنے لگے
اور یہہ کفر ہی اور ابو عمر اور حمزہ اور کسائی نے اسکو
امالہ سے پڑھا ہی اور اصل مین یہہ لفظ جمع نصران کی ہی
وہ نام ہی ایک بستی کا شام مین وہان وے رہتے تھے
* نَصْرَانِيّ) نصران والے مراد وہی حضرت عیسی عم کے

اتباع ہین * نصرٌ) مدد کرنی * نصیر) مدد کرنیوالا
* نصرمدد کی * نصروا) مدد کی انھون نے * نصرنا)
مدد کی ہمنے * نصبرٌ) سہارتے ہین ہم * نصرف)
باز رکھتے ہین ہم * نصرّف) بار بار پھیرتے ہین ہم *
نصف) آدھا * نصیب حصہ * نصیبٌ) پہنچتے ہین ہم *
نصب) رنج اور تکلیف * نصب) بت اور جو چیز خدا
کے سواے پوجی جاوے اور کھڑی کی جاوے
* نصبت کھڑی کی گئی * نصلی) پہنچاتے ہین ہم اور
آگ پرسینکتے ہین ہم * نصّدّق) خیرات کرتے ہین ہم
اصل مین نتصدّق تھا * نصح) سمجھانا اور نصیحت دینی *
نصحوا) نصیحت دی انھون نے * نصحتُ) نصیحت
کی مین نے * نصوح) خالص اور صاف * فصل نض

النون مع الضاد * نضع) رکھتے ہین ہم * نضیع)
اکارت فرماوینگے ہم * نضجتْ) پکی * نضرۃ) تازگی * نضید)

تهہ بہ تہہ* نَضَّا خَتَانِ) دو چشمے اُبلتے ہوئے* نَضْرِبُ)
مارتے ہین اور بیان کرتے ہین ہم * نَضْطَرُّ) بیچارہ

نط کرینگے ہم اور کھینچ لاوینگے ہم *فصل النون مع الطاء *
نَطْمِسُ) متاتے ہین ہم * نَطْبَعُ) مہر کرتے ہین ہم *نَطْمَعُ)
بھروسا کرتے ہین ہم *نَطْوِیْ) لپیٹینگے ہم * نَطْعِمُ) کھلاتے
ہین ہم * نَطِیْحَة)سینگ ماری گئی یعنے جو حیوان کہ
سینگ کے مارنے سے مرجاوے کھانا اُسکا شرع
مین حرام ہي * نُطْفَة) بوند منی * نُطِیْعُ) فرمان برداری

نظ کرتے ہین ہم * فصل النون مع الظاء * نَظَرَ) دیکھنا *
نَظْرَة)ایکبار دیکھنا * نَظَرَ) دیکھا * نَظِرَة) مہلت
دینی اور دیر کرنی * نَظُنُّ) گمان کرتے ہین ہم * نَظَلُّ)

نع سارے دن رہینگے ہم *فصل النون مع العین*نَعْبُدُ)
عبادت کرتے ہین ہم * نَعْجَة) دنبہ * نِعَاج) دنبے
* نَعْمَاء) نعمتین * نِعْمَة)آرام اور عنایت *نِعَمُ)

نعمتین * نِعْمَ) اچها افعال مدح سے ہی اور عین کو کسرہ بھی دیتے ہین جیسے * نِعِمَّاهِيَ) اسوقت مین عمل اسکا لغو ہو جاتا ہی * نَعَمْ) چارپائے نَعَمْ) ہان حروف ایجاب سے ہی الست بربکم کے جواب مین نہین آتا ہی وہان بلی بولتے ہین نعم کہنا کفر ہی اسواسطے کہ نَعَمْ واسطے اثبات مضمون ماسبق کے آتا ہي نفی ہو یا اثبات * نَعَّمَ) نعمت دی * نَعِيْم) نیکی اور نعمت * نُعِيْدُ) اعاده کرینگے ہم * نَعْمَلُ) کام کرینگے ہم * نَعْفُ) معاف کرینگے ہم واو گر گیا * نَعُوْدُ * نَعُدْ) پھرینگے ہم * نُعَذِّبُ) عذاب کرینگے ہم * نَعْلَمُ) جانتے ہین ہم اور جانینگے ہم * نُعَلِّمُ) سکہاتے ہین ہم * نَعِدُ) وعده کرتے ہین ہم واو گر گیا * نَعُدُّ) گنتے ہین ہم * نُعْلِنُ) ظاہر کرتے ہین ہم * نُعَمِّرُ) عمر دیتے ہین ہم * نَعْقِلُ) سمجھتے ہین ہم * نُعْجِزُ) عاجز کرتے ہین ہم * نُعَاس)

نغ

اور نگھہ اور نیند * نَعَلْيْ) دو جوتیاں * فصل النون مع الغين * نَغْفِرُ) بخشتے ہیں ہم اور دھانپتے ہیں ہم * نُغْرِقُ) ڈبوتے ہیں ہم * نُغْرِيْ) ورغلاتے ہیں ہم * نُغَادِرُ) چھوڑتے ہیں ہم * فصل النون مع الفاء * نُفَرِّقُ)

نف

جدا کرتے ہیں ہم * نُفَصِّلُ) بیان کرتے ہیں ہم * نَفْعَلُ) کرتے ہیں ہم * نَفْتِنُ) جانچتے ہیں ہم * نَفَعَ) فائدہ دیا * نَفَعَ) فائدہ دیا * نَفَعَتْ) فائدہ دی * نَفْخَةٌ) ایکبار پھونکنا * نَفَخَ) پھونکا * نَفَخْتُ) پھونکا مین نے * نَفَخْنَا) پھونکا ہمنے * نُفِخَ) پھونکا گیا * نَفْحَةٌ) ایک بھاپ اور پھونکنا خوشبوکا * نُفُوْرٌ) بھاگنا * نَفَرَ) بھاگا * نَفَرٌ) جماعت تین سے دس تک * نَفِيْرٌ) بصیرت قوم کہ آگے جاوے * نَفْسٌ) جان اور خون اور ذات * نُفُوْسٌ) جانیں * نَفَشَتْ) رات کوچری * نَفَادٌ) کم ہونا اور نبڑنا * نَفِدَ) کم ہوا * نَفِدَتْ) کم ہوئی * نَفْرُغُ) فراغت پاتے ہیں ہم

* نُفْسِدُ) فساد کرتے ہین ہم * نَفْقِدُ) ڈھونڈھتے ہین ہم * نَفَّاثَات) پھونکنے والیان * نَفْقَهُ) سمجھتے ہین ہم * نَفَقَة) روزی اور ما یحتاج الیہ * نَفَقَات) روزی اور خرچ سب * نِفَاق) دومونہی اور دودلی * نَفَق) راہ باریک اور سوراخ * نُفَصِّلُ) زیادہ کرتے ہین ہم * فصل النون مع القاف * نَقْص) کم کرنا اور گھٹنا * نَقْص نَقْصُ) بیان کرتے ہین ہم * نَقْض) توڑنا اور کھولنا بل رسی کا * نَقَضَتْ) توڑی * نُقَيِّضُ) مقرر کرتے ہین ہم * نَقْعُدُ) بیٹھتے ہم * نَقَب) راہ اور سوراخ * نَقَّبُوا) کریدے اور سوراخ کیئے * نَقِيب) سردار اور ماہر * نُقَلِّبُ) پلٹتے ہین ہم * نُقَدِّس) پاکی سے بیان کرتے ہین ہم * نَقْدِر) تنگ پکڑتے ہین ہم اور توانا ہوتے ہین ہم * نَقْتُلُ) مار ڈالتے ہین ہم * نُقَاتِلُ) لڑائی کرتے ہین ہم * نُقَتِّلُ خوب ماریںگے ہم * نُقِرَ) پھونکا گیا

نق

صور مین * نَقِیرٌ) تل برابر اصل مین گرﮪا جو کھجور کی کٹھلی
مین ہوتا ہی مراد شی حقیر ہی * نَقَرَءَ) پرﮬتے ہین ہم
* نُقرِءُ) پرﮬاتے ہین ہم * نَقَمُوا) دشمنی کی اور بدلا لیا
اُنھون نے * نَقَذِفُ) پھینک مارتے ہین ہم * نُقِیمُ)
کھرا کرتے ہین ہم اور سیدھا کرتے ہین ہم * نَقتَبِسُ)
سا کالیتے ہین ہم اور نور چنتے ہین ہم * نَقعَ) گرد غبار * نُقَرِّبُ)
نزدیک کرتے ہین ہم * نَقُولُ) کہتے ہین ہم * فصل النون مع
الکاف * نُکُرٍ) ان دیکھی چیزین * نُکُر) نامعقول اور خلاف
معمول اور برا * نَکِیر) انکار اور انکار کرنے والا
* نَکِرَ) انکار کیا * نَکِّرُوا) روپ بدلو * نَکَصَ)
الٹا پرا اور پھر گیا * نُکَلِّفُ) ستاتے ہین ہم
اور تکلیف دیتے ہین ہم * نَکسُو) پہناتے ہین ہم
* نَکَثَ) اقرار توڑا * نَکَثُوا) عہد توڑے * نَکَتَلُ) دکھلا
تے ہین ہم * نَکتُمُ) چھپاتے ہین ہم * نُکِسُوا)

اوندھے کئے گئے * نَکِلُ) مشکل سے نکلنے والا اور کھم اگنیوالا * نُکَلِّمُ) بات کرتے ہین ہم * نَکْفُرُ) منکر ہونگے ہم * نُکَفِّرُ) دور کرینگے ہم * نِکَاح) بیاہنا اور جماع کرنی * نَکَحَ) بیاہا * نَکَحْتُمْ) بیاہے تم * نَکْتُبُ) لکھتے ہین ہم * نُکَذِّبُ) جھٹلاتے ہین ہم * نَکُونُ) ہونگے ہم اور کبھی واو گر جاتا ہی نَکُنْ رہتا ہی اور کبھی نون بھی جاتا رہتا ہی نَکُ رہتا ہی

* فصل النون مع اللام * نل

* نَکَال) عذاب اور سزا * نُلْقِيْ) ڈالتے ہین ہم * نُلْزِمُ) لگا دیتے ہین ہم اور لازم کرتے ہین ہم * نَلْعَنُ) نفرین کرتے ہین ہم * نَلْعَبُ) ہنسینگے ہم اور کھیلتے ہین ہم * فصل النون مع المیم * نمر

* نَمْلَة) چونٹی * نَمَل) چونٹیان * نَمَارِقُ) چھوٹے غالیچے * نَمِیْم) چغلخور * نُمْلِيْ) لکھتے ہین ہم اور مہلت دیتے ہین ہم * نَمْنَعُ) منع کرتے

ہمین ہم * نُمَتِّعُ) فائدہ دیتے ہمین ہم * نَمُنُّ) احسان رکھتے ہین ہم * نُمَكِّنُ) قدرت دیتے ہین ہم اور جماوینگے ہم * نَمُدُّ) کھینچتے ہین ہم اور کھینچینگے ہم * نَمُوتُ) مرتے ہین اور مرینگے ہم * نُمِيتُ) مارتے ہین ہم * نَمْهَرُ) کھانالاوینگے اور رسد لاوینگے ہم * نُمِدُّ) مدد کرتے ہین ہم * فصل النون مع النون * نَنْسَخْ) مٹاتے اور موقوف کرتے ہین ہم اور کرینگے ہم اور ابن عامر نے ساتھ ضمہ نون کے پڑھا ہی * نُنْسِ) بھلاتے ہین ہم * نَنْسَى) بھولتے ہین ہم * نَنْشِزُ) اُبھارتے ہین ہم بالزاء المعجمہ اور نافع اور ابن کثیر اور ابوعمر اور یعقوب نے راء مہملہ سے پڑھا ہی * نَنْظُرُ) دیکھتے ہین ہم * نَنْصُرُ) مدد کرتے ہین ہم * نَنْقُصُ) کم کرتے ہین ہم * نُنَزِّلُ) اُتارتے ہین ہم * نَنْزِعُ * نکالینگے ہم * نُنَبِّئُ) خبردار کرتے ہین ہم * نُنْجِي)

بچاوینگے ہم * نُنَجِّي) نجات دیتے ہین ہم * نَنْهىٰ) منع کرتے ہین ہم * نَنْسِفُ) بکھیرینگے ہم * نَنْكِسُ) اوندھا کرتے ہین ہم * نُنْشِئُ) پیدا کرتے ہین ہم * فصل النون مع الواو * نُوْح) علی نبینا و علیہ الصلوة و السلام نام ہی ایک پیغمبر اولعزم کا کہ قصہ اُنکا مکرر قرآن مین مذکور ہی * نُوْر) روشنی کہ بواسطے اسکے تمام عالم دیکھاجاوے اور نام ہی اللہ سبحانہ تعالی کا اَللهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بمعنی منور السموات یعنی روشن کرنے والا آسمانون اور زمینون کا ہی * نَوٰی) گٹھلیان کھجور کی * نَوْم) نیند اور سونا * نَوَاصِيْ) پیشانیان * نُوْحِيْ) وحی بھیجتے ہین ہم اور دل مین ڈالتے ہین ہم * نُوْثِرُ) اختیار کرتے ہین ہم * نُوَلِّيْ) پھیرتے ہین ہم * نُوْدِيَ) پکارا گیا * نُوْدُوْا) پکارے گئے * نُوَفِّ) پورا دینگے ہم یا کرینگے * نُوَخِّرُ) دیر کرتے ہین ہم * نُوْرِثُ)

نو

وارث کرتے ہین ہم اور میراث دیتے ہین ہم * نُوْتِ) دیتے ہین ہم یاگرگئی * نُؤْمِنُ) ایمان لاتے ہین ہم * نُوْن) مچھلی ذوالنون لقب حضرت یونس علیہ السلام کا ہی کہ مچھلی اُن کو نگل گئی تھی چالیس روز اُسکے پیٹ مین رہے بعد اُسکے بحکم اللہ سبحانہ کے حکم سے اُگل دی

* فصل النون مع الہاء * نُہِیَ) منع کیا * نَہَی) منع کیا * نَہَوْا) منع کئے * نُہُوا) منع کئے گئے * نُہِیْتُ) منع کیا گیا مین * نَہْدِي) راہ بتلاتے ہین ہم * نَہْتَدِي) راہ پاتے ہین ہم * نُہْلِكُ) نابود کرتے ہین ہم * نَہَر) مشہور ہی پانی بہنے کی جگہہ * نَہَار) دن * فصل النون مع الیاء * نُیَسِّرُ) آسان کرتے ہین ہم اور کرینگے ہم * نَیْل) پہنچنا

* باب الواو *

وَ) حرف عطف ہی ایک کلمہ کو دوسرے پر پھیرنے کے واسطے آتا ہی بے عمل ہی اور قسم کے واسطے

نہ

نی

و

بھی آتا ہی اس صورت مین عمل جر کا کرتا ہی * فصـــل

الواو مع الالف * وَاعِيَة) یاد رکھنیوالی اور نگاہ رکھنیوالی * وَاهِيَة) بودی اور سست ہونیوالی بھاس رہی * وَاجِفَةٌ) ڈرنیوالی اور کانپنے والی * وَاقِع) گرنیوالا * وَاقِعَة) پڑنیوالی اور حادثہ اور قیامت اور مصیبت اور لڑائی * وَازِرَة) گناہ اٹھانیوالی * وَارِث) میراث لینیوالا * وَارِثُوْنَ) وارث ہونیوالے * وَاصِب) ہمیشہ اور سخت * وَارِد) پانی پر آنیوالا * وَارِدُوْنَ) در آنیوالے * وَالِد) باپ * وَالِدَيْنِ) ماباپ * وَالِدَة) ما * وَالِدَات) مائین * وَاحِد) ایک مرد * وَاحِدَة) ایک * وَاسِع) فراخ اور کشایش والا * وَاسِعَة) کشادہ * وَاعِظِيْنَ) پند دینیوالے * وَاعَدْنَا) وعدہ کیا ہمنے * وَالٍ) حاکم حمایتی نزدیک ہونیوالا یا آخر سے گرگئی * وَاقٍ) نگاہ

رکھنیوالا یا آخر سے گر گئی * وَادِي) درہ اور ٹیکرا اور
وادي المقدس نام اس جگہے کا ہی کہ اللہ رب العالمین
سے اور موسی علیہ السلام سے وہان کلام اور خطاب
ہوا تھا اور کبھی یا آخر سے گر جاتی ہي * وَابِل) مینہہ برسے
بوند کا * وَاثَق) مضبوط کیا * فصل الواو مع الباء * وب
وَبَال) عذاب * وَبِیْل) دشوار اور ناگوار * فصل
الواو مع التاء * وَتِیْن) نام رگ دل کا ہی اسکے کٹنے وت
سے ادمی مر جاتا ہی * وِتْر) طاق اور تنہا بعضون نے فتح
واو سے پڑھا ہی * فصل الواو مع الثاء * وِثَاق) وث
ساتھہ فتحہ اور کسرہ واو کے قید اور باندھنا * وُثْقی)
مضبوط اور معتمد * فصل الواو مع الجیم * وَجْه) وج
منہہ اور ذات اور وَجْهُ النَّهَار اول دن * وُجُوه)
منہہ سب * وَجِیْه) رو دار آور صاحب عزت اور
بزرگی * وِجْهَة) قبلہ اور طرف * وَجَّهْتُ) منہہ کیا مین نے

اور متوجہ ہوا مین * وَجَبَتْ) پڑی اور مری * وَجِلْتُ)
ڈری * وَجِلُوْنَ) ڈرنیوالے * وَجِلَۃٌ) ڈرنیوالے *
وُجْد) مقدور اور تونگری * وَجَدَ) پایا * وَجَدَا)
پائے دونون * وَجَدُوْا) پائے * وَجَدْتُّمْ) پائے تم *
وَجَدْتُّ) پایا مین نے * وَجَدْنَا) پایا ہمنے * فصل الواو
مع الحاء * وَحْد) ایک * وَحِیْد) اکّا * وُحُوْش) وح
جانور جنگلی * وَحْيٌ) اشارہ اور پیغام الہی اور دل
مین کچھ ڈالنا * فصل الواو مع الخاء * خالی * فصل
الواو مع الدال * وَدّ) نام بت کا ہی کہ قوم نوح ود
اسکو مظہر دوستی کا جانکے بصورت مرد کے
تراشی تھی اور اسکو پوجتی تھی اور ہنود اُسکو بشن
کہتے ہین اول نام ایک بیٹے ادریس علیہ السلام کا
تھا شیطانکے فریب سے اُسکو انکی صورت سے
بنائی تھی بعد طوفان نوح کے ود بت بنو قضاعہ کے ہاتھ

لگا اُنھونے دومۃ الجندل مین رکھا تھا بعد اُنکے بنوکلب
کو پہنچا زمانہ نبوت تک اِسیطرح رہا آخر کو بعد
اسلام کے سب گم ہوگئے * وَدْق) برسنا اور مینہہ *
وُدّ) محبت اور دوستی رکھنی * وَدّ چاہا اور
دوست رکھا * وَدّا) دوست رکھے دونون * وَدُّوْا)
چاہے اور دوست رکھے * وَدَّتْ) چاہی * وَدُوْد)
دوست رکھنے والا اور دوست رکھا گیا نام اللہ تعالی
کا ہی دُو معنون سے درست ہی * وَدَّعَ) رخصت کی
اور چھوڑ دیا * فصل الواو مع الذال * خالی *
در فصل الواو مع الراء * وَرَاء) آگے اور پیچھے اضداد
سے ہی اعراب مین حکم اُسکا مانند بعدُ کے ہی *
وَرِق) چاندی سکہ بنائی ہوئی * وَرَق) پتے اور رہُوہند
تراشا ہوا * وَرَقَۃ) ایک پتا * وَرِیْد) شاہ رگ * وِرْد)
پیاسے پانی کو آنیوالے * وَرْدَۃ) گلابی اور گلاب *

وَرَدَ) پانی کو پہنچا * وَرَدُوْا) وارد ہوئے * وَرِثَ) وارث ہوا اور مال مردے کا پایا * وَرِثُوْا) وارث ہوئے *

فصل الواو مع الزاء * وَزْر) بچاو اور پہاڑ * وِزْر) رنج بوجھ اور گناہ * وَزِیْر) بوجھ اُٹھانیوالا اور شریک بوجھ اُٹھانے مین ہونیوالا اور تدبیر کرنیوالا * وَزْن) تولنا * وَزَنُوْا) تولے * فصل الواو مع السین * وَسْوَاس) وسوسہ ڈالنے والا اور اندیشۂ بد اور نام دیو کا ہی * وَسْوَسَ) وسوسہ ڈالا اور دل مین ڈالا * وُسْع) فراغت اور فراخی * وَسِعَ) کشادہ ہوئی * وَسِعَتْ) فراخ ہوئی * وَسِعْتَ) سما لیا تو نے * وَسَط) بیچ اور معتدل * وَسَطْنَ) پیٹھ گئین * وُسْطیٰ) بیچ اور صلٰوۃ الوسطیٰ نماز عصر کہ بیچ مین ایک سرّی اور ایک جہری کے ہی اور بعضے ہر نماز خمسہ کو صلٰوۃ الوسطیٰ کہتے ہین * وَسَقَ) سمیٹا اور جمع کیا * وَسِیْلَۃ) واسطہ اور دستاویز اور جو چیز کہ واسطۂ

نزدیکی کسی چیز کا ہو جیسے قران اور رسول واسطہ
قرب حق کے ہین * فصل الواو مع الشین * خالی *
وصہ فصل الواو مع الصاد * وَصِیْلَة) ملانے والی
جاہلیت میں عادت تھی کہ جو بکری کہ سات بار بچہ مادہ
جنتی اور اٹھوین بار نر اور مادہ ملکر جنتی تو اُسکو وصیلہ
کہتے تھے اور آزاد کرتے تھے اور بعضون نے کہا ہی کہ
رسم تھی کہ جو بچہ نر ہو تو بت کے نام پر ذبح کرتے تھے
اور مادہ ہو تو آپ رکھتے تھے پھر اگر نر اور مادہ ملکے ہون
تو نر کو بھی رکھ لیتے تھے مادہ کے ساتھ اور اُسکو
وصیلہ کہتے تھے بعد ظہور اسلام کے یے سب رسمین
مٹ گئیں * وَصَّلْنَا) ملایا ہمنے * وَصِیَّةً) نصیحت اور
دلوا مرنا * وَصّٰی) نصیحت کی اور تاکید فرمائی اور دلوا
مرا اور نافع اور ابن عامر نے اوصی پڑھا ہی * وَصَّیْنَا)
تاکید کی ہمنے * وَصِیْلہ) چوکھٹ * وَصْف) تعریف *

فصل الواو مع الضاد) وَضَعَ) رکھا * وَضَعتُ) رکھا مین نے * وَضَعتَ) رکھا تو نے * وَضَعْنَا) رکھا ہمنے * وُضِعَ) رکھا گیا اور بنایا گیا * فصل الواو مع الطاء * وَطَر) حاجت * وَطْأً) کھندلنا اور ابو عمرو اور ابن عامر نے کسرہٗ واو اور مدّ الف سے پڑھا ہی * فصل الواو مع الظاء * خالی * فصل الواو مع العین * وَعْد) اقرار اور ثواب کا وعدہ دینا * وَعَدَ) اقرار کیا * وَعَدُوْا) وعدہ کئے * وَعَدْتَّ) اقرار کیا تو نے * وَعَدْتُّ) اقرار کیا مین نے * وَعَدْنَا) وعدہ دیا ہمنے * وُعِدْنَا) وعدہ دئے گئے ہم * وَعِيْد) ڈرانا اور عذاب کا وعدہ کرنا * وَعَظْتَ) نصیحت دی تو نے * وِعَاء) ظرجی اور بہر برتن * فصل الواو مع الغین * خالی * فصل الواو مع الفاء * وَفْد) جماعت * وِفَاق) پورا اور موافقت کرنی * وَفّٰى) تمام کیا * وُفِّيَتْ) تمام دی گئی * فصل الواو مع القاف * وِقْر) بوجھ گدھے کا *

وَقْر) کان بوجھ یعنے بھراپن * وَقَار) بردائی اور آہستگی * وَقُوْد) ایندھن * وَقْعَة) پڑنا اور سختی لڑائی کی * وَقَعَ) گرا اور پڑا * وَقَعَتْ) گری * وَقِی) بچایا * وَقْت) زمانہ اور مدت * وَقَبَ) سمٹ آیا اور چھپ گیا * وُقِفُوا) کھڑے کئے گئے * فصل الواو

ولک مع الکاف * وَکَزَ) گھوسا مارا * وَکِیْل) کارساز * وَکَّلْنَا) وکیل کیا ہمنے * وُکِّلَ) وکیل کیا گیا * فصل

ول الواو مع اللام * وَلِیّ) دوست اور حمایتی * وَلَایَة) پادشاہت * وَلّی منہ پھیرا اور پھرا * وَلَّوْا) منہ پھیرے * وَلَّیْتَ) بھاگا تو * وَلَّیْتُم) پھرے تم * وَلِّ) پھر * وَلُّوْا) پھرو * وَلَد) فرزند ابن کثیر اور حمزہ اور کسائی اور ابو عمرو اور یعقوب نے ضمہ واو اور سکون لام سے پڑھا ہے * وَلَدَ) جنا * وَلَدْنَ) جنیں * وُلِدَ) جنا گیا * وُلِدْتُّ) جنا گیا میں * وَلِیْد) بچا *

* وِلْدَان) بچے اور غلام سب * وَلِيْجَة) بھیدی اور دلی

دوست * فصــل الواو مع المیم والنون * خالی *

فصــل الواو مع الواو * وُوْرِيَ) چھپایا گیا * فصــل

الواو مع الهاء * وَهَّاج) چمکنے والا * وَهَبَ) بخشا

وَهَبَتْ) بخشی * وَهَبْنَا) بخشا ہمنے * وَهَّاب) خوب بخشنے

والا * وَهْن) سستی * وَهَنَ) سست ہوئی *

وَهَنُوْا) سست ہوئے * فصــل الواو مع الیاء * وَيْل) دی

عذاب اور سختی اور نام میدان کا ہی دوزخ

مین * وَيْلَتٰى) افسوس * وَيْكَأَنَّ) تعجب ہی اور واسے

ہی اور کسائی نے کہا معنی اُسکی (اَلَمْ تَرَ) ہی کیا نہین

دیکھا تو نے اور اُسکی ترکیب بعضون نے کہی ہی کہ یہہ

مرکب وي اور حرف خطاب اور اَنَّ حرف مشبہہ

بالفعل سے ہی اور کسائی کے نزدیک وَيْكَ اور

اَنَّ سے مرکب ہي اور خلیل وَيْ الگ پڑھتا ہي

اور کان الگ اور بعضون نے کہا ہی اصل مین وَیْلَکَ
تھا لام کو تخفیف کے لئے حذف کئے اور اَنَّ الگ ہی

* باب الہاء *

*ہ) وہ مرد ضمیر مذکر غائب جیسے لَہٗ وَ اِلَیْہِ وَعَلَیْہِ اور کبھی
حالت وقف مین واسطے اظہار حرکت کے زیادہ
کرتے ہین اُسکو ہاء سکتہ کہتے ہین جیسے مالیہ اور
سلطانیہ اور کبھی تاء تانیث بھی حالت وقف مین سے
ہو جاتی ہی جیسے رحمہ اور نعمہ * فصل الہاء

مع الالف * ھَا) وہ عورت ضمیر واحد مونث غائب ھا
کی ہی اور واسطے تنبیہ کے بھی آتا ہی معنے اُسکے
خبردار ہو * ھَاتُوْا) لاؤ اصل مین خلیل کے نزدیک
اتوا تھا الف کو ہ سے بدل کئے اور بعضون نے کہا کہ یہہ
لغت علحدہ ہی * ھَاؤُمُ) پکڑو اور آؤ اسم فعل ہی *
ھٰاتَیْنِ) یہ دو عورتین اسم اشارہ ہی واسطے

تثنیہ مونث کے * هُمَا) اِس جگہہ * هَارٍ) گرنے والا اور
منہدم ہونیوالا اصل مین ہایر تھا قلب مکانی کر کے
یے کو گرا دیے * هَاجَرَ) ہجرت کی اُسنے * هَاجَرُوْا)
ہجرت کی اُنھوننے * هَاجَرْنَ) وطن چھوڑتین * هَامِدَةً)
دبی ہوئی اور زمین بے گھاس اور سوکھی گھاس *
هَاوِيَةٌ) گڑھا اور دوزخ اور نیچے کا طبقہ دوزخ کا
کہ جگہہ منافقون کی ہی * هٰؤُلَاءِ) وے لوگ اسم
اشارہ جمع مذکر کے واسطے * هٰذَا) یہہ مرد * هٰذَانِ)
یے دو مرد * هٰذِهٖ) یہہ ایک عورت * هَالِكٌ) ہلاک
ہونیوالا * هَالِكِيْنَ) ہلاک ہونیوالے * هَادِيْ) راہ
بتانیوالا اور کبھی یے گر جاتی ہی * هَادُوْا) یہودی
ہوئے اور توبہ کی اُنھون نے * هَارُوْت) نام ایک
فرشتے کا دو فرشتون سے کہ شہر بابل مین اُترے
تھے * هَامَان) نام وزیر فرعون ملعون کا ہی * هَارُوْن)

نام وزیر اور بھائی حضرت موسیٰ کا ہی علی نبینا وعلیہما
الصلوٰة والسلام * هٰكَذَا) ایسا ہی * فصل الهاء
هب مع الباء * هَبْ) بخش اور دے * هَبَاء) غبار اور
گرد * فصل الهاء مع التاء والثاء * خالی * فصل
هج الهاء مع الجیم * هَجْر) چھوڑنا اور بات پریشان
کہنی * فصل الهاء مع الحاء والخاء * خالی * فصل
هد الهاء مع الدال * هُدٰی) راہ اور راہ بتانی * هَدٰی)
راہ بتائی * هَدَيْتَ) راہ بتائی تو نے * هَدَيْنَا) راہ
بتائی ہمنے * هُدِیَ) راہ بتایا گیا * هُدُوْا) راہ بتائے گئے *
در هَدْي) جانور قربانی کا کہ مکے کو بھیجتے ہیں * هَدِيَّة)
تحفہ کہ دوست کو بھیجتے ہیں * هَدّ) توڑنا
